الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
2564586:فیکس 2560300-2560400:فون www.jamiabinoria.net:ویب سائٹ darulifta@gmail.com:ای میل

Name :> **Zubair Hussain**
Address :>
Subject :> **tharat**
Writer :> محمد شیراز

Serial No :> **7659**
Fatwa No :>
Date :> **2/22/2010**
Email :>

Asalam o Alekum
Mera naam Zubair Hussain hey. meen karachi meen rehaish pazeer hon. Meen ek Talak ka gawa (Witness) hon. Talak Meray Salay(Brother in Law) ney apni Biwi ko di. Sara Majra Kuch is tarah sey hey k Mera Sala(Brother in Law) jis ka Naam Mehmood Hey. Mehmood ki Shadi aaj sey 4 saal pehaly hoi. Shadi k shro k maheenon meen us ki apni wife sey badi achi understanding thi mager ek baat per donon meen tanao ta woh yeh k ladki her month 15 dinon k leya apni Mahekay chali jati thi. or to or kuch arsay baad donon mian biwi meen jhagday hona shroo hogay Mehmood ki Biwi jis ka Naam Nadia hey us ney Mehmood ka gher walaon sey ladna jhagdna shro ker dya kuch arsay k baad halat kuch is tarah bigday k Mehmood ney Talak k kagzat per do gawahon ki mojodgi meen sign kerdya Mehmood k walid Talak k Kagzat Bhijwanay Hi Walay they k Mehmood accident k bahany sey Nadia ko dobara gher ley aya. Mehmood k walid ney talak k papers wali baat rafa dafa kerdi.
Jahan tak mera khayal hey k ager koi admi apnay hosh hawas meen Talak k papers 2 witnesses ki mojodgi meen sign keray to us ka talak ho jata hey behar hal jab Mehmood Ladki ko gher ley ker agaya to dobara gher k halat kashida hogaye yahan tak k dobara ladki apnay Mahekay chali gai. Gherlo na chaki ki waja sey Mehmood k father ki tabyat nasaz rehnay lagi un ko Heart attack howa us k baad bypass ka operation or phir bill akhir who intikal kergaye. Walid k intikal k baad Mehmood ney Nadia ko Dobara Talak denay ka socha us ney dobara 2 witnesses ki mojodgi meen apni zaban sey teen dafa yeh alfaz khaye. "Meen Nadia bint-e-Saleem ko sharai to per Talak Deta Hon" or us ney pehlay sey sign kya howey Talak key kagzat jo k us k walid ney sambhal ker rakhay howey they ek wakeel sey us ko renew kerwa ker ladki k gher dispatch kerdey.
Kagzat TCS k zareya ladki ko milgaye us k baad wakeel k mashwaray sey Mehmood ney Nadia ko Edat k Paisa Pakistan Post k zarea 3000/= rupees bhijwaye jo k Nadia or us gher walaon ney lenay sey inkar kerdya. Talak k baad sab sey ahm masla tha Ladki ka Jehaz jo k Mehmood k gher meen rakha howa tha. Mehmood ney Ladki ka jehaz wapis kernay k leay apni community ko bohat saray letter likhay lekin Nadia ki taraf sey saman lenay koi naheen aya Mehmood ney tamam Jehaz k saman ki list tayar ker li or furniture khol ker ek kamary meen rakh dya. Mehmood ko talak denay k baad Talak ka certificate chayae tha jo k UC nazim deta hey Mehmood ney apnay ilakay k Nazim ko ek application likhi. Nazim ney donon fareekeen ko apnay daftar meen bulwaya Jab Nadia or Mehmood ka amna samna howa to Mehmood ney Nazim k daftar meen bhi yahi kaha k meen is ko Talak dey chukka hon or Mera talaka Ahelay Sunnat sey hey humaray maslak k mutabik ek dafa meen talak ho jata hey Jab k Nadia ka kehna tha k Nadia ahelay hadess sey taluk rakhti hey or Nadia k maslak k Mutabik ek dafa meen talak naheen hota teen dafa dena padta hey.
Jab Mehmood ney Nadia ki baat naheen mani to Nadia bari mehfil meen Mehmood ko marnay k leay Mehmood k pechay bhagi or is tarah is mislay ka hal na hosaka. Nazim ney apnay daftar meen kisi maulana ko bhitaya howa tha us ney Mehmood sey pocha tha k tum kis maslak sey taluk rakhtay ho to Mehmood ney jawab dya Ahelay Sunnat. Behar hal jahan tak mujhay pata tha Mehmood ney to pehlay bhi Nadia ko talak di thi jab us ney talak k papers 2 witnesses ki mojodgi meen sign key they. Dosri talak denay k kareeban ek year baad Mehmood ney Nadia k birthday per us ko wish kya or phir in meen dobara talak kaim hogaya jo baad meen manzar-e-aam per agaya. Mehmood kaheen sey jali fatwa ley aya jis meen mufti ney yeh likha k donon ka talak naheen howa..
Us k baad dobara sey Mehmood ladki ko gher ley ker ana cha raha tha Mager us ki walida naheen maan rahi thi kyonki un k mutabik to is ka talak ho chukka tha.
Ab meen aaj sey kareeban 1 month pehlay ki baat bataon Mehmood ney dobara sey ladki sey tang a ker 4logon ki mojodgi meen meray gher per apni zaban sey teen dafa yeh alfaz kahey "Meen Nadia

Bint-e-Saleem ko Sharai to per Talak deta hon" . is tarekay yeh tesri bar tha k Mehmood ney Nadia ko talak di or kal baroz 03 March 2010 jab meen ney Mehmood ko Nadia sey SMS per chat kertay dekha to meray peron taley zameen nikal gai k ek banda kis tareekay sey shariat k sath khilwad ker raha hey.

Baray-e-Meharbani aap sey guzarish hey is hawalay sey fatwa deen k kya aisa rishta jaiz hey ya phir in ka talak hogaya hey ya naheen. Ho sakta hey ky in logon ka plan kuch or ho jesay k Mehmood k gher per kabaza wagera or yeh sirf dunya ko bewakoof bananay k leay bar bar talak deya ja rahay heen.

Aap k jawab ka muntazir Zubair Hussain Mobile: 0300-2274505

السلام علیکم

میرا نام زبیر ہے مجھے طلاق کے متعلق سوال کرنا ہے۔ میرے سالے محمود نے اپنی بیوی نادیہ کو گھریلو ناچاقیوں کی وجہ سے طلاق اسطرح دی کہ دو گواہوں کی موجودگی میں طلاق کے پیپر پر سائن کر دیے اور بیوی کو میکے بھیج دیا۔ بیوی کے چلے جانے کے بعد محمود کے والد کا طلاق کے کاغذات بھیجنے والے ہی تھے کہ محمود Accident کے بہانے نادیہ کو اپنے گھر لے آیا کچھ عرصہ گذرا تھا دوبارہ لڑائی شروع ہوگئی اور نادیہ پھر اپنے گھر چلی گئی ان حالات کی وجہ سے محمود کے والد کا انتقال ہوگیا۔ انتقال کے بعد محمود نے دوبارہ طلاق دینے کا سوچا اور دو گواہوں کی موجودگی میں اپنی زبان سے یہ الفاظ تین مرتبہ کہے "میں نادیہ بنت سلیم کو شرعی طور پر طلاق دیتا ہوں" اور طلاق نامہ پر سائن تو پہلے کر چکا تھا اب یہ کاغذات عورت کے گھر مع ایام عدت کا خرچہ مبلغ 3000/- روپے بھیج دیے۔ طلاق دینے کے بعد محمود کو طلاق کا سرٹیفکیٹ چاہیے تھا جو کہ UC ناظم دیتا ہے چنانچہ زوجین UC ناظم کے پاس گئے ناظم نے معاملہ رفع دفع کرنے کی کوشش کی مگر محمود نے کہا میں طلاق دے چکا ہوں میرا اہل سنت سے تعلق ہے میرے ہاں طلاقیں ہو چکی ہیں جبکہ نادیہ کا کہنا تھا کہ وہ اہل حدیث ہے انکے ہاں تین مرتبہ طلاق دینے پڑتی ہے لیکن محمود نہ مانا۔ دوسری طلاق کے ایک سال بعد محمود نے نادیہ سے دوبارہ تعلقات قائم کر لیے اور کہیں سے جعلی فتویٰ لایا جسمیں لکھا تھا ماقبل کی دونوں طلاقیں واقع نہیں ہوئی خیر آج سے ایک ماہ قبل کی بات ہے کہ محمود نے دوبارہ بیوی سے تنگ آکر چار لوگوں کی موجودگی میں تین دفعہ یہ الفاظ کہے "میں نادیہ بنت سلیم کو شرعی طور پر طلاق دیتا ہوں" اسطرح یہ تیسری بار ہوا اور کل پھر محمود کو نادیہ سے میں نے SMS پر چیٹ کرتے ہوئے دیکھا۔ براہ کرم اس بارے میں بتلائیں ایسا رشتہ جائز ہے یا انہیں طلاق ہو گئی ہے؟

(جواب منسلکہ اوراق پر ملاحظہ فرمائیں)

نوٹ: سائل سے فون پر بات کرنے سے معلوم ہوا کہ جن کاغذات پر محمود نے دستخط کیے ہیں ان میں تین طلاقیں لکھی ہوئی تھیں۔

# الجواب حامداً و مصلیاً

واضح ہو کہ قرآن و سنّت کی روشنی میں ایک مجلس کی تین طلاقیں خواہ ایک جملہ سے دی ہوں جیسے تجھے تین طلاق ہیں، یا الگ جملوں سے دی ہوں جیسے "تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے، تجھے طلاق ہے" ان دونوں صورتوں میں سے تین طلاقیں شمار ہوتی ہیں لہذا جب شخصِ مذکور اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے چکا ہے اب تو حرمتِ مغلظہ ثابت ہو چکی ہے اور بغیر حلالہ شرعیہ کے ان دونوں میاں بیوی کا باہم عقدِ نکاح بھی شرعاً جائز نہیں ہوگا حضراتِ صحابہء کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، تابعین عظام کا اسپر اتفاق ہے اور امت کے ائمہ چاروں امام اعظم ابو حنیفہ امام مالک، امام شافعی . اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ کا بھی یہی مسلک ہے اس سلسلے میں کسی غیر مقلد کا تین طلاقوں کو ایک قرار دینا قرآن وسنت کے واضح نصوص کے خلاف ہے جبکہ قرآن کریم کی کسی ایک آیت یا جملہ سے بھی یہ ثابت نہیں کیا جاسکتا کہ بیک وقت دی ہوئی تین طلاقیں ایک شمار ہوتی ہیں یا تین طلاقوں کے بعد بغیر حلالہ شرعیہ کے رجوع کرنا جائز ہے

قال اللہ تعالیٰ : فان طلقها فلا تحل له من بعد حتیٰ
تنكح زوجا غیر (سورۃ بقرہ آیت ۲۳۰)

ترجمہ پھر اگر (دو طلاقوں کے بعد) کوئی (تیسری) طلاق (بھی) دے دے تو پھر وہ عورت اس (تیسری) طلاق دینے کے بعد اس شخص کے لئے حلال نہ ہوگی جب تک وہ اس کے سواہ دوسرے شخص کے ساتھ (عدت کے بعد) نکاح نہ کرلے۔

وفی البخاری: وقال الليث عن نافع كان ابن عمر اذا سئل
عمن طلق ثلاثاًقال لوطلقت مرة او مرتين فان النبی ﷺ أمرنی
بهذافان طلقت ثلاثا حرمت حتیٰ تنكح زوجاًغیرہ(ج۲ص ۷۹۲)۔

ترجمہ: حضرت لیث نافع سے روایت کرتے ہیں کہ جب ابنِ عمرؓ سے پوچھا جاتا ایسے شخص کے بارے میں جس نے تین طلاقیں دے دی ہوں تو فرماتے اگر تو ایک یا دو بار طلاق دیتا (تو تجھے رجوع کا حق حاصل ہوتا) کہ بے شک نبی ﷺ نے مجھے اس رجوع کا حکم فرمایا پس اگر تو نے اسے تین طلاقیں دیدیں تو وہ تجھ پر حرام ہوگئی یہاں تک کہ وہ کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کرلے۔

وفی سننِ الكبریٰ: عن سوید ابن غفله كانت عائشة الخثعمية
عند الحسن ابن علی فلمّاقتل علیؓ قالت لتهنئک الخلافة :قال
بقتل علی تظهرين الشماتةاذهبی انت طالق يعنی ثلاثا قال فتلفت
ثيابها وقعدت حتیٰ مضت عدتها فبعث اليها ببقية اليها من صداقها
وعشرة الافِ صدقةفلما جاء ها الرسول قالت متاع قليل من حبيب
مفارق فلما بلغه قولها بكیٰ ثمه قال لولا انی سمعت جدی اوحد ثنی
ابی انه سمع جدی يقول ای مارجل طلق إمراته ثلا ث مبهمة لم تحل

(جاری ہے)

له حتى تنكح زوجا غيره لرجعتها (ج ٨ بيروت ص ٥٤٩)

ترجم: حضرت سوید بن غفل فرماتے ہیں عائشہ خثمعیہ حضرت حسنؓ بن علی کے نکاح میں تھیں جب حضرت علیؓ شہید کردئے گئے تو ان کی بیوی نے کہا آپکو خلافت مبارک ہو حضرت حسنؓ نے فرمایا اچھا تم حضرت علی کے قتل پر خوشی کا اظہار کررہی ہو جاؤ تمہیں تین طلاق ؔراوی کہتے ہیں کہ انہوں نے پردہ کرلیا اور عدت میں بیٹھ گئیں جب عدت پوری ہوگئی تو حضرت حسنؓ نے بقیہ مہران کے پاس بھیج دیا اور اس کے علاوہ مزید دس ہزار درہم بھی بھیجے جب قاصد یہ رقم لیکران کے پاس آیا تو انہوں نے کہا کہ یہ بچھڑنے والے دوست کی طرف سے متاعِ قلیل ملا ہے جب اس خاتون کا یہ قول حضرت حسنؓ کے پاس پہنچا تو آپ رو پڑے اور فرمایا اگر میں نے اپنے نانا جان سے یہ بات نہ سنی ہوتی یا یہ فرمایا کہ میرے والد مجھ سے یہ بیان نہ کرتے کہ انہوں نے میرے نانا جان سے یہ سنا ہے کہ جو شخص اپنی بیوی کو تین طہر میں تین طلاقیں دیدے یا تین مبہم طلاقیں دیدے تو وہ عورت اس کے لئے حلال نہیں رہتی حتیٰ کہ وہ دوسرے شخص سے نکاح نہ کرلے تو میں اپنی بیوی کو نکاح میں لے لیتا۔

وفي مصنف بن أبي شيبه: عن هارون عن أبيه قال كنت جالساً عند بن عباس فاتاه رجل فقال يابن عباس انه طلق إمرأته مأة مرّة وانما قلت مرة واحدة فتبين مني بثلاث أم هي واحدة فقال بانت بثلاث وعليك وزر سبع و تسعين (ج ۴ ص ١٢)۔

ترجمہ: ایک شخص ابن عباس کے پاس آیا اور کہا کہ اے ابن عباس میں نے اپنی عورت کو سوؔ طلاقیں ایک ہی دفعہ میں دیدی ہیں کیا وہ مجھ سے تین طلاقوں سے الگ ہوجائے گی یا وہ ایک ہی طلاق شمار ہوگی آپ نے فرمایا کہ تین طلاقوں سے عورت جدا ہوگئی اور ستانوے کا بار تجھ پر ہے۔

واخرج أبو داؤد بسندٍ صحيح من طريق مجاهد قال كنت عند بن عباس فجاءه رجل فقال انه طلق امرأته ثلاثا فسكت حتىٰ ظننت سيردها اليه فقال ينطلق احدكم فيركب الحموكة ثمه يقول يابن عباس انّ اللّه تعالىٰ قال وَمن يّتق اللّه يجعل له مخرجا وانك لن تتق اللّه فلم أجدك مخرجا عصيت ربك وبانت منك امرأتك (ج ا ص ٢٩٩)۔

ترجمہ: حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں ابن عباس کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص آپکی خدمت میں آیا اور کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدی ہیں آپ سن کر خاموش ہوگئے یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ آپ اس کو رجوع کا فتویٰ دیں گے لیکن آپ نے فرمایا کہ تم میں سے ایک آدمی حماقت پر سوار ہوکر چل پڑتا ہے اور اپنی بیوی کو تین طلاقیں دینے کے بعد چلاتا ہے اے ابن عباس حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمای ہے کہ جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کے لئے نکلنے کی راہ پیدا فرمائیں گے اور تو چونکہ (طلاق کے معاملہ میں) اللہ سے

(جاری ہے)